الیکشن کمیشن آف پاکستان


www.ecp.gov.pk

# کتابچہ رہنمائی

## برائے

# پولنگ ایجنٹس



الیکشن کمیشن آف پاکستان

www.ecp.gov.pk

پولنگ ایجنٹ پولنگ کے عمل کے دوران معاملات پر نظر رکھنے اور توازن قائم رکھنے میں اہم کردار رکھتا ہے۔ پولنگ ایجنٹوں کے لیے یہ راہنما کتابچہ ان فرائض اور ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے جو کسی مؤثر پولنگ ایجنٹ کے لیے پولنگ کے دن سے پہلے، پولنگ کے دن اور پولنگ سٹیشن میں پولنگ ختم کرنے کے بعد کی کارروائیوں کے دوران اپنا کردار مؤثر انداز میں ادا کرنے کے لیے لازمی ہیں۔

# فہرست


| عنوان | نمبر شمار |
|---|---|
| -1 تعارف | |
| بطور پولنگ ایجنٹ...... میں کون ہوں؟ | 3 |
| میں پولنگ ایجنٹ کیسے بن سکتا/سکتی ہوں؟ | 4 |
| بطور پولنگ ایجنٹ مجھے کیا کرنا ہے؟ | 5 |
| -2 ووٹنگ سے قبل | |
| پولنگ سے قبل میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ | 9 |
| پولنگ سے قبل میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ | 10 |
| -3 پولنگ کے دن | |
| پولنگ کے دن میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ | 13 |
| پولنگ کے دن میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ | 14 |
| نیا شفاف بیلٹ بکس! | 15 |
| یاد رکھیں! | 16 |
| کیا آپ جانتے ہیں؟ | 17 |
| پریذائیڈنگ افسر کے کردار اور ذمہ داریوں سے آگاہی | 18 |
| پریذائیڈنگ افسر کے کردار اور ذمہ داریوں سے آگاہی | 19 |
| اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے کردار اور ذمہ داریوں سے آگاہی | 20 |
| پولنگ افسر کے کردار اور ذمہ داریوں سے آگاہی | 21 |
| مبصرین کے کردار اور ذمہ داریوں سے آگاہی | 22 |
| مبصر کو کیا کرنا چاہیے اور کیا نہیں! | 23 |
| -4 ووٹنگ کا عمل | |
| ووٹنگ کے عمل میں آپ کا کردار | 27 |
| نئی ووٹر سکرین | 28 |
| یاد رکھیں! | 29 |
| ووٹنگ کے دوران ممکنہ مسائل | 30 |
| ووٹنگ کے دوران ممکنہ مسائل | 31 |
| پولنگ ایجنٹ یہ ضرور کریں! | 32 |
| پولنگ ایجنٹ یہ ہرگز نہ کریں! | 33 |
| یاد رکھیں! | 34 |
| یاد رکھیں! | 35 |
| پولنگ کا اختتام | 36 |
| -5 پولنگ کے بعد | |
| گنتی کے عمل پر نظر رکھنا | 39 |
| گنتی کے عمل کا مشاہدہ | 40-41 |
| بیلٹ پیپر کی شناخت کریں | 42 |
| بیلٹ پیپر کی شناخت کریں | 43 |
| یاد رکھیں! | 44 |
| یاد رکھیں! | 45 |
| پیکٹوں کو سیل بند کیے جانے پر نظر رکھنا | 46 |
| پولنگ کے بعد میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ | 47 |
| اہم اصطلاحات | 48 |
| اہم اصطلاحات | 49 |
| -6 چیک لسٹ | |
| پولنگ کا دن قابلِ غور باتوں کی چیک لسٹ برائے پولنگ ایجنٹس | 53 |
| پولنگ بوتھ کے باہر | 54 |
| پولنگ بوتھ کے اندر | 55 |
| ووٹنگ کے دوران مسائل | 56-58 |
| گنتی | 59-60 |

# 1

# تعارف

# بطور پولنگ ایجنٹ.....
# میں کون ہوں؟



آپ نمائندگیٔ عوام ایکٹ 1976ء کی شق 23 اور نمائندگیٔ عوام قواعد (برائے انعقادِ انتخابات) 1977ء کے تحت ایک پولنگ بوتھ پر کسی امیدوار کے قانونی طور پر تعینات کردہ نمائندے ہیں۔

امیدوار کسی بھی وقت آپ کی تعیناتی منسوخ کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ اگر تعیناتی منسوخ ہو جائے یا ایجنٹ کی وفات واقع ہو جائے تو امیدوار اپنے ایجنٹ کے طور پر کسی اور کو تعینات کر سکتا ہے۔ اگر ایسا ہو تو امیدوار پریذائیڈنگ افسر کو تحریری نوٹس دے گا۔

پولنگ ایجنٹوں کی تعداد کسی پولنگ اسٹیشن میں پولنگ بوتھوں کی تعداد سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔ ہر پولنگ اسٹیشن میں ہر امیدوار کا ایک پولنگ ایجنٹ ہوگا۔ خواتین پولنگ ایجنٹ خواتین کے پولنگ سٹیشنوں / بوتھوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں گی تاکہ خواتین ووٹرز کے لیے سہولت یقینی بنائی جا سکے۔

## آپ.....

- انتخابات کے دوران امیدوار کی 'آنکھیں' اور 'کان' ہیں۔
- انتخابات لڑنے والے امیدوار کے ایما پر پولنگ اسٹیشن میں باقاعدہ (آفیشل) مانیٹر ہیں۔



# میں پولنگ ایجنٹ کیسے بن سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کے لیے لازمی ہے کہ......


* امیدوار یا اس کے الیکشن ایجنٹ کی طرف سے آپ کو کسی مخصوص پولنگ اسٹیشن پر پولنگ ایجنٹ مقرر کرنے کے بارے میں ایک تحریری نوٹس (مختار نامہ) ساتھ رکھیں۔



* پولنگ کے سارے عمل، بالخصوص پولنگ عملے کے کردار اور ذمہ داریوں سے اچھی طرح آگاہ ہوں۔



* اپنے علاقے میں ووٹروں کو ذاتی طور پر یا نام سے جانتے ہوں تاکہ جب وہ ووٹ ڈالنے آئیں تو ان کی شناخت کر سکیں۔





# بطور پولنگ ایجنٹ مجھے کیا کرنا ہے؟

امیدوار کے نمائندے کی حیثیت میں آپ کی مرکزی ذمہ داریاں پولنگ کے دن ہیں۔ تاہم، پولنگ کے دن سے قبل یا بعد بھی آپ کی کچھ ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔ اس راہنما کتابچے کے آئندہ ابواب میں ان ذمہ داریوں کے متعلق بتایا گیا ہے!


### کیا آپ جانتے ہیں؟

نئے شفاف بیلٹ باکس پہلی مرتبہ استعمال کیے جائیں گے!



### کیا آپ جانتے ہیں؟

بیلٹ پیپروں پر نشان لگاتے وقت رازداری یقینی بنانے کے لیے نئی ووٹر سکرینز استعمال کی جائیں گی!



### کیا آپ جانتے ہیں؟

قومی اور صوبائی ا ں کے لیے انتخابات ایک ہی روز ہوں گے!



# 2

# ووٹنگ سے قبل

# پولنگ سے قبل میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟

1

پولنگ کے دن کے متعلق اپنے امیدوار یا اس کے نمائندے کی طرف سے منعقد کردہ تربیتی / بریفنگ سیشن میں شریک ہوں۔ تمام ہدایات پر توجہ دینا اور ضرورت پڑنے پر وضاحتیں مانگنا یادرکھیں۔





اُمیدوار یا اس کے/ کی الیکشن ایجنٹ سے ووٹر لسٹ لیں اور کرلیں کہ اس میں شامل نام مستند ہیں۔ مثلاً غور کریں کہ کیا کوئی ووٹر کہیں اور منتقل ہوگیا ہے یا مرگیا ہے یا کسی خاتون ووٹر کی شادی ہوگئی ہے۔ اس قسم کے ووٹر کا نام نوٹ کرلیں۔

2

# 3

# پولنگ کے دن

## پولنگ سے قبل میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟

**3**

امیدوار یا اس کے/کی الیکشن ایجنٹ ووٹر لسٹ لیں اور   کر لیں کہ اس میں شامل نام مستند ہیں۔ مثلاً غور کریں کہ کیا کوئی شخص منتقل ہو گیا ہے، مر گیا ہے، اس کی شادی ہو گئی ہے۔ اس قسم کے ووٹر کا نام نوٹ کر لیں۔







**4**

پولنگ کے روز اپنی معاونت کے لیے مواد/ سامان اکٹھا کریں:

- راہنما کتابچہ برائے پولنگ ایجنٹ، مانیٹرنگ چیک لسٹ
- اگر ضرورت ہو تو ووٹروں کو چیلنج کرنے کے لیے کچھ رقم
- نوٹ بک، اور قلم
- کھانا اور پانی

# پولنگ کے دن میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| 1 | پولنگ شروع ہونے سے کم از کم ایک گھنٹہ قبل پولنگ اسٹیشن پر پہنچ جائیں۔ انتظامات کا جائزہ لیں اور دیکھیں کہ پولنگ سٹاف نے علامات اور سرکاری پوسٹر پولنگ اسٹیشن پر لگا دیے ہیں یا نہیں۔ |  |
| 2 | پولنگ سٹیشن میں بلائے جانے پر اپنے امیدوار یا اس کے/کی الیکشن ایجنٹ کے دستخط والا اتھارٹی لیٹر (مختار نامہ) پریذائیڈنگ افسر کو پیش کریں اور تمام پولنگ حکام سے اپنا تعارف کروائیں۔ مختار نامے کی ایک نقل اپنے ذاتی ریکارڈ کے طور پر رکھ لیں۔ |  |
| 3 | پولنگ سے قبل بروقت پہنچنا یاد رکھیں تا کہ بیلٹ پیپروں والے تھیلے کھلتے ہوئے دیکھ سکیں۔ |  |
| 4 | جب ریٹرننگ افسر کی جانب سے وصول شدہ بیلٹ پیپروں کی گنتی ہو تو بیلٹ پیپر بکس کے شروع اور آخر کے سیریل نمبر نوٹ کرنا یاد رکھیں۔ |  |

# پولنگ کے دن میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟


**5**

گنتی کی رپورٹ پر دستخط کریں جس میں پولنگ سٹیشن پر وصول ہونے والے بیلٹ پیپروں کی گنتی بتائی گئی ہوتی ہے۔



**6**

کرلیں کہ پریذائیڈنگ افسر کے دکھائے ہوئے بیلٹ بکس خالی ہیں اور اس سلسلے میں آپ نے رپورٹ پر دستخط کر دیے ہیں۔



**7**

کرلیں کہ پریذائیڈنگ افسر نے بیلٹ بکس بند کر دیا ہے۔ سیل پر نمبر اور پاکستان الیکشن کمیشن کا مونوگرام دیکھیں جس کی مدد سے پریذائیڈنگ افسر بیلٹ بکس سیل کرتا ہے۔ نمبرز اپنی چیک لسٹ میں نوٹ کرلیں۔



**8**


کرلیں کہ بیلٹ بکس ایسی جگہ پر رکھے گئے ہیں جہاں ووٹر بہ آسانی پہنچ سکتے ہیں اور پولنگ ایجنٹوں اور پولنگ سٹیشن میں موجود دیگر افراد کی نظروں کے سامنے ہیں۔








# نیا شفاف بیلٹ بکس!

## بیلٹ بکس کے اہم حصے



# یاد رکھیں!


**1**

پولنگ سٹیشن کے اردگرد 400 کر کے علاقے میں کوئی شخص ووٹروں کو متاثر یا قائل کرنے کی کوشش نہیں کرسکتا۔





**2**

کوئی جھنڈا / علامات نہیں لگائی جا سکتیں، ماسوائے ریٹرننگ افسروں کی اجازت سے اور وہ بھی پولنگ اسٹیشن کے اردگرد 100 کر کے علاقے سے باہر۔




**3**

پریذائیڈنگ افسر کے لیےضروری ہے کہ وہ ووٹروں کی سہولت کے لیے پولنگ سٹیشن پر مختلف علامات اور سرکاری پوسٹر آویزاں کرے۔






# کیا آپ جانتے ہیں؟

صرف مندرجہ ذیل افراد پولنگ کے دن پولنگ سٹیشن میں داخل ہونے کے مجاز ہیں۔




ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر



ریٹرننگ افسر



اسسٹنٹ ریٹرننگ افسر




الیکشن کمیشن کے افسران



ملکی اور غیر ملکی مبصرین (ای سی پی، پی ای سی یا ڈی آر او کی طرف سے مجاز قرار دیے گئے)



میڈیا کے لوگ (ای سی پی، پی ای سی یا ڈی آر او کی طرف سے مجاز قرار دیے گئے)



پولیس افسر (اگر پریذائیڈنگ افسر اسے طلب کرے)



انتخابات میں حصہ لینے والے امیدوار



امیدواروں کے انتخابی ایجنٹ



پولنگ ایجنٹ



مجاز ووٹر

## پریذائیڈنگ افسر کے کرداراور ذمہ داریوں سے آگاہی



الیکشن کا مواد چیک کرنا اور کم یا گمشدہ اشیائ کی رپورٹ دینا





اپنے پولنگ سٹیشن کا انتظام بہترین کارکردگی کو مدنظر رکھ کر کرنا



کر لینا کہ صرف ہی افراد ووٹ ڈالیں جو اس کے مجاز ہیں اور جن کے نام انتخابی فہرست میں درج ہیں



پولنگ شروع اور بند کرنا




اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران اور پولنگ افسران کے کام کی نگرانی کرنا



کرنا کہ بیلٹ بکسوں کے ساتھ کوئی جعل سازی تو نہیں کی گئی



ہر ایک ووٹر کے ووٹ کی رازداری یقینی بنانا



یہ امر یقینی بنانا کہ مبصرین، پولنگ ایجنٹ، امیدوار اور ووٹرز درست انداز میں اپنا کردار ادا کریں



## پریذائیڈنگ افسر کے کرداراور ذمہ داریوں سے آگاہی



پولنگ سٹیشن پر سکیورٹی کے انتظامات کرنا اور غیر مجاز افراد کو اندر آنے سے روکنا



تمام متعلقہ فارم اور مراحل مکمل کرنا



گنتی کرنا اور ریٹرننگ افسر کو دینے کے لیے گنتی کی رپورٹ تیار کرنا



پولنگ سٹیشن کے باہر گنتی کی رپورٹ چسپاں کرنا



نتائج کا اعلان اور تمام متعلقہ پولنگ/ الیکشن ایجنٹوں/ امیدواروں کو نتائج کی نقول مہیا کرنا



ہدایات کے مطابق سامان/مواد بھجوانا



پولنگ سٹیشن پر امن وامان قائم رکھنا، جب جہاں بھی ضرورت پڑے اپنے مجسٹریٹ کے اختیارات استعمال کرنا

## اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے کرداراور ذمہ داریوں سے آگاہی



ووٹروں کو بیلٹ پیپرز جاری کرنا

بیلٹ پیپروں کی پشت پر دستخط کرنا اور مہر لگانا





کرنا کہ کاؤنٹر فوائل پر درکار معلومات موزوں انداز میں درج کی گئی ہے

ہر ایک ووٹر کے ووٹ کی رازداری یقینی بنانا





پریذائیڈنگ افسر کو اس کے فرائض کی انجام دہی میں مدد دینا

پریذائیڈنگ افسر کی جانب سے تفویض کیا گیا کوئی بھی اور کام انجام دینا





## پولنگ افسر کے کرداراور ذمہ داریوں سے آگاہی



کرنا کہ ہر ایک ووٹر کے پاس مستند قومی شناختی کارڈ موجود ہے

انتخابی فہرست میں سے ووٹر کا نام اور سیریل نمبر پکارنا





کرنا کہ بیلٹ پیپر جاری کرنے سے قبل ووٹر کا نام انتخابی فہرست میں سے کاٹ دیا گیا ہے

ہر ووٹر کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی کا نشان دیکھنا





ہر ووٹر کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی سے نشان لگانا

اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کو اس کے فرائض کی انجام دہی میں مدد دینا






پریذائیڈنگ یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی جانب سے تفویض کیا گیا کوئی بھی اور کام انجام دینا

# مبصرین کے کرداراور ذمہ داریوں سے آگاہی



ووٹنگ اور گنتی کے عمل کے تمام مراحل کا مشاہدہ کرنا، ماسوائے بیلٹ پر مہر لگائے جانے کے



ووٹنگ کے عمل کے بارے میں اپنے مشاہدات نوٹ کرتے جانا



اگر ضرورت پڑے تو پریذائیڈنگ افسر یا کسی دوسرے پولنگ عملے سے بات کرنا




مرضی سے پولنگ سٹیشن میں داخل ہونا اور باہر نکلنا





پولنگ کا عمل دیکھنے کے بعد پولنگ سٹیشن سے باہر آ جانا



# مبصر کو کیا کرنا چاہیے اور کیا نہیں!

## یہ ضرور کرنا چاہیے!

- تمام وقت اپنا اجازت نامہ (ایکریڈیشن پاس) لگائے رکھنا
- تمام وقت غیر جانب داری برقرار رکھنا
- پریذائیڈنگ یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی جانب سے کسی بھی قانونی حکم پر عمل کرنا




## یہ بالکل نہیں کرنا چاہیے!

- بیلٹ پیپرز اور انتخابی فہرست سمیت کسی بھی سامان/مواد کو قبضے میں لینا
- ووٹروں پر اثر انداز ہونا یا انہیں روکنا
- پریذائیڈنگ افسر یا دیگر پولنگ عملے کو ڈرانا دھمکانا




# 4

# ووٹنگ کا عمل

# ووٹنگ کے عمل میں آپ کا کردار

**1**




ووٹر پولنگ سٹیشن میں داخل ہوتا ہے

ٹِپ:
جب کوئی ووٹر داخل ہواور پولنگ افسر اس کا نام پکارے تو آپ کو چاہیے کہ اپنے پاس موجود انتخابی فہرست کی کاپی میں اس کا نام کاٹ دیں۔ غور کریں کہ پولنگ افسر نے اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی سے نشان صحیح طرح لگایا ہے۔

**2**



پولنگ افسر قومی شناختی کارڈ چیک کرتا، انگوٹھا دیکھتا، انمٹ روشنائی سے نشان لگاتا، نام اور سیریل نمبر پکارتا اور انتخابی فہرست سے ووٹر کا نام کاٹ دیتا ہے۔

**3**




پہلا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر قومی اسمبلی کے لیے بیلٹ پیپر جاری کرنے سے پہلے کاؤنٹرفوائل پر ضروری اندراجات کر کے ووٹر کا نشان انگوٹھا حاصل کرتا ہے۔ پھر بیلٹ پیپر کی پشت پر سرکاری مہر لگا کر دستخط کرتا اور بیلٹ ووٹر کے حوالے کرتا ہے۔

ٹِپ:
دیکھیں کہ اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر نے قومی اسمبلی کے بیلٹ پیپر کی پشت پر سرکاری مہر لگائی ہے اور دستخط کر دیے ہیں۔

**4**




دوسرا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر صوبائی اسمبلی کے لیے پہلے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر والا عمل دہراتا ہے۔ ووٹر کو نو خانوں والی مہر دے کر اس کی ووٹنگ سکرین کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔


ٹِپ:
دیکھیں کہ اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر نے صوبائی اسمبلی کے بیلٹ پیپر کی پشت پر سرکاری مہر لگائی ہے اور دستخط کر دیے ہیں۔

**5**



ووٹر بیلٹ پیپروں پر مہر لگاتا ہے

**6**



ووٹر متعلقہ بیلٹ بکسوں میں بیلٹ ڈالتا ہے

ٹِپ:
دیکھیں کہ ووٹر نے بیلٹ پیپر درست بیلٹ بکس میں ڈالے ہیں۔ نظر رکھیں کہ ووٹر ہر بکس میں کتنے بیلٹ پیپر ڈال رہا ہے۔

**7**




اور ووٹر پولنگ اسٹیشن سے چلا جاتا ہے۔

# نئی ووٹر سکرین



ووٹروں کو مکمل رازداری میں ووٹ ڈالنے کے قابل بنانے کے لیے یہ سکرینز پولنگ سٹیشنوں پر دستیاب ہوں گی۔



# یاد رکھیں!



اگر آپ انتخابات کے قواعد و ضوابط سے انحراف ہوتا محسوس کریں یا اپنے امیدواروں کے مفادات پر سمجھوتہ ہوتے دیکھیں تو اعتراض ضرور اٹھائیں۔



آپ کے لیے لازمی ہے کہ پریذائیڈنگ یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کو کچھ بھی رپورٹ کرتے وقت دھیما اور صاف انداز اپنائیں۔



اگر آپ کے اعتراضات کا بخش جواب نہیں دیا گیا تو اپنی چیک لِسٹ میں اسے نوٹ کر لیں تا کہ اپنے امیدوار یا پارٹی عہدیداروں کو بتا سکیں۔



ایسی صورت حال ہر گز پیدا نہ کریں جو پولنگ سٹیشن میں پولنگ کے عمل میں گڑبڑ پیدا کرے۔



یہ امر تسلیم کرنا چاہیے کہ پولنگ سٹیشن کو قانون کے مطابق چلانے کے لیے سرکاری طور پر پریذائیڈنگ افسر ہی ذمہ دار ہے۔

# ووٹنگ کے دوران ممکنہ مسائل

## نام انتخابی فہرست میں نہیں

اگر کسی شخص کا نام انتخابی فہرست میں نہ ملے تو وہ اس پولنگ بوتھ پر ووٹ نہیں ڈال سکتا/ سکتی۔ ایسی صورت میں اسے راہنمائی کے لیے پریذائیڈنگ افسر کے پاس بھیجنا چاہیے۔



## کسی کی جگہ ووٹ ڈالنا

انتخابی قانون میں کسی کی جگہ ووٹ ڈالنے کی کوئی گنجائش موجود نہیں، ماسوائے اس صورت کے جب ووٹ بذریعہ ڈاک بھیجے جائیں۔ ووٹر کے لیے لازمی ہے کہ وہ ووٹ ڈالنے کے لیے پولنگ سٹیشن پر خود آئے۔



## انتخابی فہرست میں نام پہلے ھی کٹ چکا ھو

اگر کوئی شخص ووٹ ڈالنے آئے اور اس کے انگوٹھے پر انمٹ سیاہی کا نشان نہیں، مگر انتخابی فہرست میں اس کا نام کٹا ہوا ہے تو اسے ایک ''مشکوک ووٹ'' (Tendered Vote) ڈالنا ہوگا۔ ایسی صورت میں ووٹر کا نام ''مشکوک'' (Tendered) ووٹوں کی فہرست میں درج کیا جاتا ہے اور اسے معمول کے مطابق بیلٹ جاری کیا جاتا ہے۔ پریذائیڈنگ یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر نشان زدہ بیلٹ ''مشکوک بیلٹ پیپروں'' والے پیکٹ میں ڈالتا ہے، نہ کہ بیلٹ بکس میں۔



## ووٹ ڈالنے میں معاونت

قانون کسی اندھے یا معذور شخص کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اپنا بیلٹ ڈالنے کے لیے کسی ساتھی کی مدد حاصل کرے۔ ووٹر جس شخص سے چاہے مدد لے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ مددگار شخص خود امیدوار یا امیدوار کا ایجنٹ، یا اٹھارہ سال سے کم عمر کا شخص نہ ہو۔

ان صورتوں میں پریذائیڈنگ افسر کو چاہیے کہ وہ قانون کے مطابق کارروائی کرے۔





# ووٹنگ کے دوران ممکنہ مسائل


## مشکوک شناخت یا چیلنج شدہ ووٹ

کوئی بھی پولنگ ایجنٹ کسی بھی ایسے شخص کے ووٹ کو چیلنج کرنے کا حق رکھتا ہے جس کے بارے میں اسے یقین ہو کہ

- وہ کسی اور کی جگہ ووٹ ڈالنے آیا ہے
- وہ پہلے بھی ووٹ ڈال چکا ہے

پریذائیڈنگ افسر کے پاس دو روپے فیس کروائیں اور ر لیں۔ ووٹر کا نام چیلنج شدہ ووٹوں کی فہرست میں درج کر کے اسے بیلٹ پیپر جاری کر دیا جاتا ہے۔

پریذائیڈنگ/اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر نشان زدہ بیلٹ پیپر کو ''چیلنج کیے گئے بیلٹ پیپر'' (Challenged Ballot Papers) والے پیکٹ میں رکھتا ہے، نہ کہ بیلٹ باکس میں۔



## ضائع شدہ بیلٹ پیپر

ضائع شدہ بیلٹ پیپر وہ ہے جس پر غلطی سے نشان لگ جائے یا پھٹ جائے یا اس طرح مسخ ہو جائے کہ ایک کارآمد بیلٹ پیپر کے طور پر استعمال نہ کیا جا سکتا ہو۔

ایک ضائع شدہ بیلٹ پیپر کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر بیلٹ پیپر کی پشت پر اور کاؤنٹر فوائل پر دستخطوں کے اوپر لفظ ''ضائع شدہ'' لکھے گا اور پھر ضائع شدہ بیلٹ پیپر والے موزوں لفافے میں ڈالے گا۔ ووٹر کو ایک نیا بیلٹ پیپر جاری ہوگا، جیسا کہ معمول میں کیا جاتا ہے۔



## خصوصی ووٹرز

حاملہ عورتوں، ضعیف اور معذور افراد کے لیے ووٹنگ میں آسانی پیدا کرنے کی خاطر انہیں قطار میں انتظار کروائے بغیر آگے آنے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ یہ قانون تو نہیں، لیکن ایک مہذب دستور ہے جس پر پولنگ سٹیشن میں کام کرنے والے تمام افراد کو متفق ہونا چاہیے۔



# پولنگ ایجنٹ یہ ضرور کریں!



### آپ کا موجود ہونا اہم ہے!

آپ کے لیے ضروری ہے کہ پولنگ سٹیشن میں خود موجود ہوں اور ذہنی طور پر ہوشیار رہیں۔ آپ کو ووٹنگ اور گنتی مکمل ہو جانے تک وہیں رہنا چاہیے (یا پھر کچھ آرام کرنے کے لیے اپنے امیدوار کے کسی اور مجاز پولنگ ایجنٹ کو بٹھا جائیں)۔ اگر آپ خود اپنے پولنگ بوتھ پر موجود نہیں ہوں گے تو کوئی بھی آپ کی پارٹی یا امیدوار کا دفاع نہیں کرے گا۔



### سوال اٹھائیں

اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوال یا تشویش پیدا ہو تو اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر یا پریذائیڈنگ افسر کو بتائیں، اور اصرار کریں کہ آپ کا اعتراض دور یا نوٹ کیا جائے۔ اگر آپ نے اپنی پارٹی یا امیدوار کے ایماٗ پر اعتراض نہ اٹھایا تو یہ کام اور کوئی نہیں کرے گا۔



### اعتراضات کو نوٹ کریں اور متعلقہ افراد کو بتائیں

دی گئی چیک لسٹ پر ووٹنگ کے عمل کے بارے میں اپنے مشاہدات نوٹ کر لیں تا کہ پارٹی کے راہنماؤں یا امیدوار کو مطلع کر سکیں۔ آپ کا اُمیدوار یا آپ کی پارٹی جاننا چاہے گی کہ ووٹنگ اور گنتی کا عمل شفاف تھا اور بے قاعدگی یا دھاندلیاں ہونے کی صورت میں بھی آپ کا اُمیدوار یا آپ کی پارٹی باخبر رہنا چاہے گی۔



# پولنگ ایجنٹ یہ ہرگز نہ کریں!



### الزام تراشی نہ کریں

جانبدارانہ فیصلے دینے یا بے بنیاد الزامات عائد کرنے سے گریز کریں، کیونکہ اس طرح آپ کا اور آپ کے امیدوار یا پارٹی کا وقار مجروح ہو سکتا ہے۔



### ووٹروں کو نہ دھمکائیں

پولنگ کے روز اپنے امیدوار یا پارٹی کے ایماٗ پر مہم نہ چلائیں۔ ووٹروں کو ڈرانے دھمکانے یا روکنے سے گریز کریں۔



### افراتفری نہ پھیلائیں

اگر کوئی مسئلہ پیش آئے تو ٹھنڈے دل سے کام لیں اور پریذائیڈنگ افسر کو رپورٹ کریں۔ مسائل کو اپنی چیک لسٹ میں نوٹ کر لیں تا کہ اپنے امیدوار یا پارٹی عہدیداروں کو بتا سکیں۔

# یاد رکھیں!

پولنگ کے دن پریذائیڈنگ افسران مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات رکھتے ہیں
اور مندرجہ ذیل جرائم کی سزا موقع پر ہی سنا سکتے ہیں:



کسی اور ووٹر کی جگہ ووٹ ڈالنے آنا (نمائندگیٔ عوام ایکٹ، 1976ء کی دفعہ 80)



پولنگ سٹیشن اور/ یا پولنگ بوتھ کو قبضے میں لینا (نمائندگیٔ عوام ایکٹ، 1976ء، دفعہ 82A)




پولنگ میں 48 گھنٹے سے کم وقت رہ جانے کے باوجود عوامی جلسہ کرنا (نمائندگیٔ عوام ایکٹ، 1976ء، دفعہ 84)



پولنگ سٹیشن سے 400 گز کی حدود کے اندر کسی امیدوار کے حق میں ووٹ ڈالنے کے لیے ووٹر کو راغب یا مائل کرنا (نمائندگیٔ عوام ایکٹ، 1976ء، دفعہ 85)



پولنگ سٹیشن کے نزدیک بدنظمی پھیلانا (نمائندگیٔ عوام ایکٹ، 1976ء، دفعہ 86)



کسی بیلٹ پیپر کی تحریف یا تبدیلی (نمائندگیٔ عوام ایکٹ، 1976ء، دفعہ 87)



مجاز نہ ہونے کے باوجود ووٹ ڈالنے کی کوشش کرنا



ایک سے زائد مرتبہ ووٹ ڈالنے کی کوشش کرنا



قصداً کوئی بیلٹ پیپر پھاڑنا



# یاد رکھیں!

پولنگ کے دن پریذائیڈنگ افسران مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات رکھتے ہیں
اور مندرجہ ذیل جرائم کی سزا موقع پر ہی سنا سکتے ہیں:



پولنگ سٹیشن سے کوئی بیلٹ پیپر اٹھانا



پولنگ سٹیشن سے 100 گز کی حدود کے اندر کوئی ایسی علامات اور/ یا بینر لگانا جو کسی امیدوار کے حق میں یا خلاف ہوں



پولنگ عملے کی جانب سے فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ بننا



پولنگ کے روز پولنگ سٹیشن کے نزدیک میگا فون یا لاؤڈ سپیکر پر متواتر شور مچانا



ووٹ ڈالنے کے لیے آنے والے کسی بھی ووٹر کو تنگ یا مشتعل کرنا



غیر قانونی طور پر بیلٹ بکس بھرنا



مجاز نہ ہونے کے باوجود کسی کو بیلٹ پیپر دینا



پولنگ بند ہونے اور ووٹوں کی گنتی میں تاخیر یا مداخلت کرنا



کسی بیلٹ بکس یا بیلٹ پیپر کے پیکٹ کو خراب کرنا




مذکورہ بالا کسی بھی حرکت یا کوشش میں مددگار و معاون ہونا

## پولنگ کا اختتام

یہ ایک نہایت اہم موقعہ ہے اور آپ کو بہت ہوشیار رہنا چاہیے! اپنے بوتھ کے بیلٹ بکسوں پر نظر رکھیں اور ان کے ساتھ گنتی والی جگہ پر جائیں۔ مندرجہ ذیل باتوں کو ذہن میں رکھیں:

**1**

پریذائیڈنگ افسر الیکشن کمیشن کی جانب سے مقرر کردہ وقت پر ووٹنگ کے اختتام کا اعلان کرے۔ اگر ووٹروں کی قطار لگی ہے یا وہ پولنگ سٹیشن کے اندر موجود ہیں اور اختتام کا وقت آ گیا ہے تو انہیں ووٹ ڈالنے کی اجازت ہو گی۔ تاہم، مقررہ وقت کے بعد مزید کسی شخص کو قطار میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ پریذائیڈنگ افسر اس امر کو یقینی بنائے گا کہ قطار میں کوئی اضافہ تو نہیں ہوا۔ پولنگ ایجنٹ کی حیثیت میں اس چیز پر نظر رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے کہ (قطار میں پہلے سے موجود افراد کے علاوہ) وقت ختم ہونے کے بعد کسی کو ووٹ ڈالنے کی اجازت نہ ملے۔




**2**

جب آخری ووٹر ووٹ ڈال چکے تو صرف پولنگ حکام، پولنگ ایجنٹ، امیدوار، الیکشن ایجنٹ اور مجاز مبصرین ہی پولنگ اسٹیشن کے اندر رہ سکتے ہیں۔



**3**

آخری ووٹر کے فارغ ہونے کے بعد اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر بیلٹ بکسوں کے منہ بند کر کے سِیل لگائے گا۔ تمام بیلٹ بکس اور دیگر انتخابی مواد اکٹھا کر کے اس جگہ لیجایا جائے گا جہاں بیلٹ پیپروں کی گنتی کرنی ہے۔






# 5

# پولنگ کے بعد


# گنتی کے عمل پر نظر رکھنا

گنتی کا مرحلہ نہایت اہم ہے، اور پولنگ ایجنٹ کی حیثیت میں آپ کو جسمانی طور پر موجود اور ذہنی طور پر ہوشیار رہتے ہوئے یقینی بنانا ہوگا:


کہ جب پریذائیڈنگ افسر ہر امیدوار کے لیے کارآمد ووٹوں کی گنتی مکمل کر لے تو آپ سٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ (گنتی کی رپورٹ) چیک کریں اور اس پر دستخط کریں۔ اس رپورٹ کی ایک نقل لے لیں۔



کہ آپ کے امیدوار کے مفادات کو زک نہ پہنچے۔ اگر کوئی مسئلہ نظر آئے تو تماشا بنائے بغیر نشاندہی کریں۔



کہ پریذائیڈنگ افسر پیکٹوں کو صحیح طرح سِیل بند کرے اور تمام مواد پیکٹوں میں موجود ہو۔ آپ بھی پیکٹوں پر دستخط کر سکتے ہیں۔



کہ پریذائیڈنگ افسر کی جانب سے بیلٹ پیپروں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد آپ بیلٹ پیپروں کی گنتی کی رپورٹ چیک کریں اور اس پر دستخط کریں۔ اس کی ایک نقل لے لیں



# گنتی کے عمل کا مشاہدہ

پریذائیڈنگ افسر بیلٹ پیپروں کی گنتی کرتے وقت نیچے دیے گئے مراحل پر عمل کرے گا:

- کمرے کے وسط میں کافی کھلی جگہ بنانا
- مبصرین اور پولنگ ایجنٹوں کو گنتی کا عمل دیکھنے کی دعوت دینا
- قومی اسمبلی کے لیے تمام بیلٹ بکسوں کو میز پر خالی کرنا
- ان میں شامل صوبائی اسمبلی کا کوئی بھی سفید بیلٹ پیپر نکال دینا تاکہ بعد میں گنا جائے
- قومی اسمبلی کے لیے ڈالے گئے تمام بیلٹ پیپر دوبارہ گننا
- فارم XV کی سطر نمبر 2 پر بیلٹ پیپروں کی کل تعداد درج کرنا
- بیلٹ پیپروں کی کارآمد حیثیت کا معائنہ کرنا
- ہر امیدوار کے لیے قبول شدہ بیلٹ پیپروں الگ الگ کرنا
- ہر امیدوار کے لیے بیلٹ پیپروں کی دو مرتبہ گنتی کرنا
- (اگر اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر مدد کر رہا ہو تو) پریذائیڈنگ افسر کو قومی اسمبلی کے لیے ہر امیدوار کے قبول شدہ بیلٹ پیپرز کی رپورٹ دینا۔








- فارم XIV......گنتی کی سٹیٹمنٹ یا رپورٹ پر کرنا
- گنے ہوئے تمام بیلٹ پیپروں کو موزوں قومی اسمبلی کے پیکٹوں میں ڈالنا
- ہر امیدوار کے بیلٹ پیپر ای سی پی I این اے (قومی اسمبلی) پیکٹ میں ڈالنا
- تمام مسترد کردہ بیلٹ پیپر ای سی پی II این اے پیکٹ میں ڈالنا
- ای سی پی III این اے میں ای سی پی I اور ای سی پی II پیکٹ ڈالنا
- ہر امیدوار کے لیے قبول شدہ چیلنج کیے گئے ووٹوں کی گنتی کرنا
- تمام چیلنج شدہ (قبول شدہ یا مسترد) بیلٹ پیپر ای سی پی VII پیکٹوں میں ڈالنا
- گنتی کی رپورٹ کے کالم 4 میں چیلنج کیے گئے ووٹوں کی تعداد درج کرنا
- ''بیلٹ پیپر اکاؤنٹ فارم'' پر کرنا
- صوبائی اسمبلی کے لیے ووٹوں کی گنتی کی خاطر یہی عمل دہرانا
- صوبائی اسمبلی کے بیلٹ بکس میں قومی اسمبلی کے کسی بھی بیلٹ پیپر کو شمار کر کے گنتی میں کمی/اضافہ کرنا





# بیلٹ پیپر کی شناخت کریں



**قبول شدہ**

ایسا بیلٹ پیپر جس پر (مخصوص مہر کی مدد سے) صرف ایک نشان لگایا گیا ہو اور ووٹ دینے والے کی رائے کا بہ آسانی تعین کیا جا سکتا ہو۔ پریذائیڈنگ افسر فیصلہ کرتا ہے کونسے بیلٹ پیپر درست ہیں۔ درست بیلٹ پیپروں کی گنتی کی جاتی ہے۔



**مسترد شدہ**

ایسا بیلٹ پیپر جس پر لگائے گئے نشان سے ووٹ دینے والے/ والی کی رائے کا تعین کرنا ممکن نہ ہو، یا نشان قواعد کے مطابق نہ لگایا گیا ہو۔ پریذائیڈنگ افسر فیصلہ کرتا ہے کہ کونسے بیلٹ پیپر گنتی سے خارج کیے جانے ہیں۔ ایسے بیلٹ پیپروں کو کسی بھی امیدوار کے لیے شمار نہیں کیا جاتا۔



**چیلنج شدہ**

ایسا بیلٹ پیپر جو کسی ایسے شخص کو دیا جائے جس کی بطور ووٹر اہلیت کو کوئی پولنگ ایجنٹ چیلنج کر دے۔ چیلنج شدہ بیلٹ پیپر بیلٹ بکس میں ڈالنے کی بجائے ایک خصوصی پیکٹ میں رکھے جاتے ہیں۔ چیلنج شدہ بیلٹ پیپر شمار کیے جاتے ہیں۔



# بیلٹ پیپر کی شناخت کریں



**ٹینڈرڈ بیلٹ**

کسی ووٹر کو دیا گیا بیلٹ پیپر جس کا نام ووٹر فہرست میں سے کٹ چکا ہو لیکن وہ ووٹ ڈالنے پر اصرار کرے اور اس کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی کا نشان نہ ہو۔ یہ بیلٹ پیپر بیلٹ بکس میں ڈالنے کی بجائے ایک خصوصی پیکٹ میں رکھے جاتے ہیں۔ مشکوک بیلٹ پیپر شمار نہیں کیے جاتے۔



**ضائع شدہ**

ایسا بیلٹ پیپر جس پر ووٹر نے نشان ٹھیک طرح نہ لگایا ہو۔ ووٹر ضائع شدہ بیلٹ پیپر اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کو واپس کر کے نیا بیلٹ پیپر لے سکتا ہے۔ ضائع شدہ بیلٹ پیپر ایک خصوصی پیکٹ میں رکھے جاتے ہیں اور کسی بھی امیدوار کے لیے شمار نہیں ہوتے۔



**جاری نہ کیے گئے**

ایسا بیلٹ پیپر جو استعمال نہ ہوا ہو۔

## یاد رکھیں !

پریذائیڈنگ افسر.....

مندرجہ ذیل بیلٹ پیپروں کو شمار کرے گا:

جن پر زیادہ روشنائی لگنے یا غلط انداز میں تہہ کرنے کے باعث کسی اور امیدوار کے سامنے بھی روشنائی کا داغ لگ گیا ہو۔اس ووٹ کو صرف تب شامل کیا جائے گا جب یہ واضح ہو جائے کہ اصل مہر کس امیدوار کے حق میں لگائی گئی تھی۔



جن پر مہر کا نشان دو امیدواروں کے سامنے بنے خانوں میں لگا ہو لیکن زیادہ حصہ کسی ایک امیدوار کے خانے میں ہو۔ ووٹ اسی امیدوار کے حق میں رکیا جائے گا۔



جن پر ایک ہی امیدوار کے سامنے ایک سے زائد مہریں لگی ہوں۔





## یاد رکھیں !

پریذائیڈنگ افسر......

ایسے بیلٹ پیپروں کو گنتی سے خارج کردے گا:


جن پر بیلٹ پیپر پر لگائی جانے والی مخصوص مہر کے علاوہ کسی اور مہر کا نشان ہو۔



جو سرکاری بیلٹ پیپر نہ ہوں (مشکوک بیلٹ پیپر)۔



جو سرکاری نشان (آفیشل کوڈ مارک) اور پچھلی طرف اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے دستخط کے بغیر ہوں۔



جن کے ساتھ کوئی کاغذ کا ٹکڑا یا کوئی اور چیز منسلک ہو۔



جن پر انتخاب کی نشاندہی کے لیے کوئی مہر نہ ہو یا جہاں ایک سے زائد امیدواروں کے سامنے مہر لگی ہو۔




جن پر مہر کا نشان دو امیداروں کے سامنے بنے خانوں میں مساوی طور پر یا ایک سے زائد خانوں میں لگا ہو۔




# پیکٹوں کو سِیل بند کیے جانے پر نظر رکھنا

گنتی مکمل ہونے کے بعد پریذائیڈنگ افسر مندرجہ ذیل چیزوں کے الگ الگ پیکٹ بنا کر سِیل بند کرے گا:


غیر جاری شدہ بیلٹ پیپر



گنتی سے خارج شدہ بیلٹ پیپر



قبول شدہ بیلٹ پیپر




مشکوک بیلٹ پیپر



ضائع شدہ بیلٹ پیپر




بیلٹ پیپروں کے کاؤنٹر فوائل



نشان زدہ انتخابی فہرست



چیلنج شدہ بیلٹ پیپر



پریذائیڈنگ افسر کے لیے لازمی ہے کہ وہ موجود پولنگ ایجنٹوں سے اپنے بنائے ہوئے ہر پیکٹ اور سٹیٹمنٹ/ رپورٹ پر دستخط کروائے۔ آپ اپنی مہر بھی لگا سکتے ہیں۔



# پولنگ کے بعد میری کیا ذمہ داریاں ہیں؟

1 گنتی کی رپورٹ (سٹیٹمنٹ آف کاؤنٹ) جلد از جلد اپنے امیدوار کے پاس لے جانا۔





2 فراہم کردہ چیک لسٹ ترجیحی طور پر پولنگ اسٹیشن پر ہی پُر کرنا اور اپنے امیدوار/ پارٹی کو گنتی کی رپورٹ کے ساتھ ہی فراہم کرنا۔

# اہم اصطلاحات

### پولنگ سٹیشن



وہ جگہ جہاں ووٹنگ اور گنتی ہوتی ہے۔ ہر پولنگ سٹیشن کو ایک یا زائد پولنگ بوتھوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ پولنگ بوتھ کسی پولنگ سٹیشن کے اندر وہ جگہ ہے جہاں لوگ ووٹ ڈالتے ہیں۔

### خفیہ جگہ



پولنگ بوتھ کے اندر وہ جگہ جہاں ووٹر اپنے بیلٹ پیپروں پر رازداری سے مہر لگاتے ہیں۔

### گنتی کی جگہ




پولنگ سٹیشن کے اندر وہ جگہ جہاں سارے پولنگ سٹیشن سے لائے گئے بیلٹ پیپروں کی گنتی کی جاتی ہے۔

### انتخابی فہرست



کسی پولنگ بوتھ پر ووٹ دینے کے مجاز لوگوں کی فہرست۔ صرف وہی لوگ مخصوص پولنگ بوتھ پر ووٹ ڈال سکیں گے جن کا نام متعلقہ انتخابی فہرست میں شامل ہوگا۔

### ووٹر کا سیریل نمبر



انتخابی فہرست میں ہر ووٹر کا اپنا مخصوص سیریل نمبر ہوتا ہے جس کی مدد سے اس کی شناخت کی جاتی ہے۔

### بیلٹ پیپر



ایک کاغذ جس پر ووٹر قومی اسمبلی یا صوبائی اسمبلی کے لیے اپنے پسند کے امیدوار کے سامنے نشان لگاتا ہے۔ بیلٹ پیپر میں ہر امیدوار کا نام، اس کا انتخابی نشان اور نشان لگانے کے لیے مخصوص جگہ ہوتی ہے۔






### کاؤنٹر فوائل




بیلٹ پیپر کا وہ حصہ جو پریذائیڈنگ افسر اسے ووٹر کو جاری کرتے وقت اپنے پاس ہی رکھتا ہے۔

### سرکاری مہر




ربڑ کی مہر جو اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر بیلٹ پیپر ووٹر کو دینے سے قبل اس کی پشت پر لگاتا ہے۔ صرف اس مہر کے حامل اور اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے دستخط شدہ بیلٹ پیپر ہی گنتی میں شامل کیے جائیں گے۔

### نشان لگانے کے لیے سرکاری مہر



وہ مہر جس کی مدد سے ووٹر بیلٹ پیپر پر اپنی پسند کے امیدوار کے سامنے نشان لگاتا/لگاتی ہے۔ گنتی میں صرف وہی بیلٹ پیپر شمار ہوں گے جن پر اس مہر سے نشان لگایا گیا ہوگا۔

### گنتی کی رپورٹ



پریذائیڈنگ افسر کی پُر کی ہوئی ایک دستاویز جس میں ہر امیدوار کو اپنے پولنگ سٹیشن میں ملنے والے ووٹوں کی تعداد درج ہوتی ہے۔ پولنگ ایجنٹ اس پر دستخط کر کے ایک نقل لے سکتے ہیں۔

# 6

# چیک لسٹ

# پولنگ کا دن

## قابلِ غور باتوں کی چیک لسٹ

### برائے پولنگ ایجنٹس

**پولنگ سٹیشن کا نام**

..........................................

..........................................




**انتخابی حلقے کا نام**

..........................................

..........................................




**پولنگ کی تاریخ**

..........................................




**پولنگ ایجنٹ کا نام**

..........................................

..........................................



## پولنگ بوتھ کے باہر




| | | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
|  | کیا کسی نے مجاز اہل کار کو پولنگ بوتھ میں داخل ہونے سے روکا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا پولنگ بوتھ کے اِردگرد 100 گز کے علاقے میں کسی پارٹی کا انتخابی نشان یا بینر لگا ہوا تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا کسی اور پارٹی کے ایجنٹ ووٹروں کو امیدواروں کے حق میں قائل کرنے کی کوشش کر رہے تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا پولیس اور/ یا سیکیورٹی حکام پولنگ سٹیشن پر موجود تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا ووٹروں کو پولنگ سٹیشن کی سمت بتانے کے لیے نشان لگائے گئے تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا ووٹروں کی قطار منظّم انداز میں لگی تھی؟ | ☐ | ☐ |

تاثرات: ..............................

..............................

..............................

..............................



## پولنگ بوتھ کے اندر



| | | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
|  | کیا پولنگ سٹیشن میں ہدایات کے لیے علامات اور پوسٹر آویزاں کیے گئے تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا خفیہ جگہ اس طرح مخصوص کی گئی تھی کہ ووٹر رازداری کے ساتھ بیلٹ پیپروں پر نشان لگا سکیں؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا خالی اور سِیل بند بیلٹ بکس دکھائے گئے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا بیلٹ بکس الیکشن کمیشن کے مونوگرام والی سرکاری مہر کے ساتھ سِیل بند کیے گئے تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا پولنگ کے آغاز اور اختتام پر سِیل نمبر وہی تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا بیلٹ بکس تمام وقت نظروں کے سامنے رہے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا آپ کے پولنگ بوتھ پر دو پریذائیڈنگ افسر اور ایک پولنگ افسر تعینات تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا پولنگ بوتھ میں غیر مجاز افراد موجود تھے؟ | ☐ | ☐ |

تاثرات: ..............................

..............................

..............................




## ووٹنگ کے دوران مسائل

| | سوال | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
|  | کیا ووٹ ڈالنے کے اہل افراد کو ووٹ نہیں ڈالنے دیا گیا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا ووٹ ڈالنے کی اہلیت نہ رکھنے والے افراد کو ووٹ ڈالنے دیا گیا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا کسی نے ایک سے زائد مرتبہ ووٹ ڈالا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا کوئی شخص انتخابی مہم کا مواد، مثلاً پوسٹر یا پارٹی کے انتخابی نشان کی یریں رازداری والے حصہ میں رکھ گیا تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا کسی شخص نے ووٹنگ میں تعطل یا رکاوٹ پیدا کرنے کی کوشش کی؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا کسی ایسے شخص کو ووٹ ڈالنے کی اجازت دی گئی جس کا نام پولنگ بوتھ کی انتخابی فہرست میں نہیں تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا کسی ایسے شخص کو ووٹ ڈالنے کی اجازت دی گئی جس کے انگوٹھے پر پہلے سے روشنائی کا نشان لگا تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا کسی ایسے شخص کو ووٹ ڈالنے کی اجازت دی گئی جس کا نام انتخابی فہرست میں کٹ چکا تھا؟ | ☐ | ☐ |



| | سوال | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
|  | کیا آپ کو ایسے افراد کو چیلنج کرنے کی اجازت تھی جن کی شناخت پر آپ کو یقینی اعتراض تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا چیلنج شدہ بیلٹ پیپر بیلٹ بکس میں ڈالے گئے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا کسی ووٹر کا نام انتخابی فہرست میں کٹ چکا تھا لیکن اس کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی کا نشان نہیں تھا اور اس سے مشکوک ووٹ ڈلوایا گیا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا مشکوک بیلٹ پیپر بیلٹ بکس میں ڈالے گئے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا نابینا اور معاونت کے مستحق دیگر ووٹروں کو ووٹ ڈالنے میں مدد کے لیے کسی کو ساتھ لیجانے کی اجازت دی گئی؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا ہر ووٹر ووٹ ڈالنے کے فوراً بعد پولنگ سٹیشن سے باہر آ گیا تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا وقت ختم ہونے پر قطار میں موجود ہر ووٹر کو ووٹ ڈالنے کی اجازت دی گئی؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا ووٹروں کو وقت ختم ہونے کے بعد قطار میں شامل ہونے سے روکا گیا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا وقت ختم ہونے کے بعد کسی کو قطار میں شامل ہونے کی اجازت دی گئی؟ | ☐ | ☐ |

| | ہاں | نہیں |
|---|---|---|
|  کیا کسی نے پولنگ بوتھ بند کرنے کی راہ میں رکاوٹ پیدا کی؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا کسی نے پولنگ بوتھ بند ہونے کے دوران بیلٹ بکس چرائے یا ان میں کوئی تبدیلی کی؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا تمام بیلٹ بکس سِیل کیے گئے تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا آپ کو بیلٹ بکس پولنگ بوتھ سے گنتی والی جگہ پر لیجاتے وقت ساتھ جانے کی اجازت تھی؟ | ☐ | ☐ |

تاثرات: ..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................





# گنتی

| | ہاں | نہیں |
|---|---|---|
|  کیا تمام بیلٹ بکس گنتی کی جگہ پر پہنچنے کے وقت تک سِیل بند ہی تھے؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا پہلے بیلٹ پیپروں کی تہیں کھول کر انہیں اوپر نیچے رکھا گیا؟ | ☐ | ☐ |
| کیا بیلٹ پیپروں کی تعداد پر اتفاق رائے پایا جاتا تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا قبول شدہ اور مشکوک بیلٹ پیپروں کی تعداد پر اتفاق تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا اس بارے میں اتفاق تھا کہ کس امیدوار کے لیے کتنے بیلٹ پیپر ہیں؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا پریذائیڈنگ افسر نے کسی بھی تنازع کو منصفانہ انداز میں حل کیا؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا چیلنج شدہ بیلٹ پیپر گنے اور متعلقہ امیدوار کے لیے کل گنتی میں کیے گئے (ایسا ہونا چاہیے)؟ | ☐ | ☐ |
|  کیا مشکوک بیلٹ پیپر گنے اور متعلقہ امیدوار کے لیے کل گنتی میں کیے گئے (ایسا نہیں ہونا چاہیے)؟ | ☐ | ☐ |

| | | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
|  | کیا ہرامیدوار کو ملنے والے کل ووٹوں پر اتفاق تھا؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا پریذائیڈنگ افسر نے گنتی کی رپورٹ صحیح طرح پُر کی؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا آپ نے یا آپ کی پارٹی کے کسی پولنگ ایجنٹ نے گنتی کی رپورٹ پر دستخط کیے؟ | ☐ | ☐ |
|  | کیا آپ نے یا آپ کی پارٹی کے کسی پولنگ ایجنٹ نے پریذائیڈنگ افسر سے گنتی کی رپورٹ کی مصدقہ نقل وصول کی؟ | ☐ | ☐ |
| | کیا کسی نے گنتی کے عمل میں مداخلت کی؟ | | |

______________________

دستخط:

تاثرات: ..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................